سیلاب دوبارہ آئیگا

ہاکسبری - نیپیان (-HAWKESBURY NEPEAN) میں سیلاب کا باربارآنا

ہاکسبری- نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی میں خطرناک اور تباہ کن سیلابوں کی ایک لمبی تاریخ ہے۔ 1790 کےعشرے سے، جب سے ریکارڈ موجود ہے، وادی میں 130 درمیانے اور بڑے درجے کے سیلاب آئے ہیں، جن میں واراگامبا بند (Warragamba Dam) کے 1960 میں بننے کے بعد 5 بڑے اور 20 دیگر شدید سیلاب شامل ہیں۔

ریکارڈ کیمطابق سب سے بڑا سیلاب

ایک ایسے سیلاب کا **15%** امکان ہے

جو اتنا بڑا ہو جتنا کہ1867 میں آیا تھا، 80 - سالہ زندگی کے دورانیے میں۔

اس وقت کے مشاہدین بیان کرتے ہیں کہ اس وقت زمین پر ایک وسیع سمندر تھا جو پٹ ٹاون (Pitt Town) تا کوراجانگ (Kurrajong) اور ریورسٹون (Riverstone) تا بلیوماونٹینز (Blue Mountains) تک پھیلا ہوا تھا۔ ونڈسر (Windsor)، رچمنڈ (Richmond) اور پٹ ٹاون (Pitt Town) چھوٹے سیلابی جزیرے بن چکے تھے۔ پینرتھ (Penrith) میں، سیلابی پانی ہائی (High) اور ووڈرف اسٹریٹس (Woodriff Streets) کے کونےکے قریب تک پہنچ چکا تھا اور ایموپلینز (Emu Plains) زیادہ تر پانی کے اندر تھا۔

اگراس ریکارڈ سیلاب جیسا سیلاب وادی میں اب آتا ہے تو،

90,000 سے زائد لوگوں کو سیلابی میدان سے نکالنے کی ضرورت ہوگی

12,000 سے زائد گھر سیلابی پانی سے متاثر ہوں گے



1961 کا سیلاب: میکگریتھ ہلز (McGraths Hill) سے بلیو ماونٹینز (Blue Mountains) کی جانب دیکھتے ہوئے فضائی منظر (ماخذ: Vic Gillespie collection)

سب سے بڑا سیلاب جس کی یادداشت ابھی تک تازہ ہے نومبر، 1961 میں آیا تھا، جب ونڈسر (Windsor) میں پانی دریا کی عمومی بلندی سے 14.5 میٹر اونچائی تک پہنچ گیا تھا۔ اس سیلاب کے دوران، نیپیان روئنگ اور پاوربوٹ کلب تباہ ہوگیا تھا، یارامنڈی (Yarramundi) پل الٹ گیا تھا اور تمام ہاکسبری- نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی میں وسیع پیمانے پر تباہی ہوئی تھی۔

ریکارڈ کیمطابق سب سے بڑا سیلاب 1867 میں آیا تھا جب ونڈسر (Windsor) میں سیلابی پانی دریا کی عمومی بلندی سے **19 میٹر** اونچائی تک پہنچ گیا تھا

بڑے سیلاب اکثر نہیں آتے لیکن جب وہ آتے ہیں تو کمیونٹی پر انکے کافی زیادہ اثرات پڑتےہیں۔

1867 کے سیلاب کے دوران گریٹ ویسٹرن روڈ سے پینرتھ (Penrith) کا نظارہ (ماخذ: *Illustrated Times* (لندن) ، 7 ستمبر 1867 صفحہ 145 ؛ اسٹیٹ لائبریری آف نیو ساؤتھ ویلز)

اگلا بڑا سیلاب کب آئیگا؟

1990 کے بعد سے کوئی بڑا سیلاب نہیں آیا ہے۔ اس کو 28 سال ہوچکے ہیں، اور وادی میں قحط اور سیلابوں کے ادوار کو دیکھتے ہوئے یہ کوئی انہونی بات نہیں ہے۔

ہائیڈروولوجیکل تحقیق سے یہ بات ظاہر ہوئی کہ اس علاقے کی خاصیت یہ ہے کہ یہاں پر سیلابی غلبے اور قحط کے غلبے کے ادوارآتے ہیں جو عشروں تک جاری رہ سکتے ہیں (نیچے خاکہ دیکھیں)۔ درحقیقت، اس بات کا امکان بہت زیادہ ہے کہ ایک قحط کے زور کو سیلاب توڑے گا اور اس کے بعد مزید سیلاب آئیں گے۔

آجکل، ہم قحط کے غلبے کے دور سے گذر رہے ہیں اور ریکارڈ یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس بات کا امکان ہے کہ اس بعد سیلابی غلبے کا دور شروع ہوجائیگا۔

اس بنیادی پیٹرن کے علاوہ یہ بات ہے کہ، بارش اور پانی کے بہاؤ میں سالانہ کافی تبدیلی پائی جارہی ہے۔ آخرکار، سیلاب قدرتی طور پر آتے ہیں۔ ہاکسبری – نیپان (Hawkesbury-Nepean) میں پھر سے سیلاب آئیگا، لیکن ہم اس کی پیشین گوئی نہیں کرسکتے کہ کب ایسا ہوگا۔

آپ تیار رہنے کے لیے کیا کرسکتے ہیں؟

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اپنے خاندان اور دوستوں کیساتھ بات کریں کہ کسی سیلاب کی صورت میں آپ کیا کریں گے تاکہ ہرایک کو پتہ ہو کہ کیا کرنا ہے اور کس بات کی توقع رکھنی چاہیے۔ تیار ہوجائیں اب اور زندگیوں کو بچانے کے لیے ان چھ اقدامات پر عمل پیرا ہوں

1. خود کو درپیش خطرے کو جانیے
www.ses.nsw.gov.au/hawkesbury-nepean-floods پر جائیں اور سیلاب کے نقشے دیکھیں۔ جائیداد کی سطح پر معلومات کے لیے اپنی مقامی کونسل سے رابطہ کریں۔

2. یہ سوچیں کہ کہاں جانا ہے
سیلاب کی ویب سائیٹ پر سیلاب سے انخلاء کے راستوں کے بارے میں معلوم کیجیے۔ کسی جگہ جانے کا انتظام کرنے کے لئے سیلابی میدان سے باہر رہنے والے دوستوں اور رشتہ داروں سے پوچھیں۔

3. سوچیں کہ کس کو کال کرنی ہے
اپنے مقامی ایمرجنسی نمبروں کو اپنے موبائیل یا اپنے فریج پر لگا کررکھیں۔ سیلابوں اور طوفانوں میں ایمرجنسی امداد کے لیے NSW SES کو 500 132 پرکال کریں۔ جان لیوا ایمرجنسی میں، 000 (ٹرپل زیرو) پر کال کریں۔

4. ایک ہوم ایمرجنسی کٹ تیار کریں
www.ses.nsw.gov.au/hawkesbury-nepean-floods پر جاکر یہ دیکھیں کہ اس میں کیا شامل کرنا ہے۔

5. اپنی انشورنس چیک کریں
یہ یقینی بنائیں کہ آپ کی انشورنس آپکی صورتحال اور خطرے کے لیے مناسب ہے۔

6. جانیے کہ سیلابی ایمرجنسی کے دوران کب متحرک ہونا ہے
سیلاب کے لیے خبردار کرنے والی علامات کے بارے میں معلومات **www.ses.nsw.gov.au/hawkesbury-nepean-floods** پر دیکھیں۔ تازہ ترین معلومات کے لیے لوکل اور اے بی سی ریڈیو سنیں اور NSW SES فیس بک یا NSW پولیس کی فیس بک یا ٹوئیٹر کو فالو کریں۔

ہاکسبری – نیپان (Hawkesbury-Nepean Valley) وادی میں سیلاب کا پیٹرن